پریس ریلیز

کاروباری برادری کے مسائل اور شہر میں محفوظ کاروباری ماحول کے فروغ پر گفتگو؛ چیمبر وفد کی آر پی او

گوجرانوالہ: گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے ریجنل پولیس آفیسر (RPO) گوجرانوالہ سے ایک اہم ملاقات کی۔ ملاقات کا بنیادی مقصد کاروباری برادری کو درپیش مسائل، امن و امان کی مجموعی صورتحال، تاجروں کے تحفظ اور شہر میں ایک محفوظ و سازگار کاروباری ماحول کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کرنا تھا۔

وفد کی قیادت چیئرمین بزنس گروپ و سابق صدر جی سی سی آئی رانا ناصر محمود نے کی، جبکہ وفد میں نو منتخب صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، سابق صدر میاں عمر سلیم، سابق چیئرمین جی ڈی اے شیخ عامر رحمان اور وقاص افضل مغل شامل تھے۔

ملاقات کے دوران تاجروں اور صنعتکاروں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنانے، تجارتی مراکز اور صنعتی زونز میں امن و امان کی فضا برقرار رکھنے اور تاجر برادری کو درپیش مشکلات کے فوری ازالے کے لیے باہمی رابطوں اور انتظامی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔ تمام شرکاء نے اس امر پر کامل اتفاق کیا کہ ایک پرامن، محفوظ اور جرم سے پاک ماحول ہی تجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور گوجرانوالہ کی پائیدار معاشی ترقی کی اصل بنیاد ہے۔

PRESS RELEASE

Discussion on Business Community Concerns and Promotion of a Secure Commercial Environment: High-Level GCCI Delegation Calls on RPO Gujranwala

GUJRANWALA: A high-level delegation of the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) held a crucial consultative meeting with the Regional Police Officer (RPO) Gujranwala. The meeting focused on an in-depth review of challenges faced by the business community, the overall law and order situation, the security of traders, and the promotion of a secure and conducive commercial environment across the city.

The delegation was led by Chairman Business Group & former President GCCI Rana Nasir Mahmood, and included newly elected GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar, former President Mian Umar Saleem, former Chairman GDA Sheikh Amir Rehman, and Waqas Afzal Mughal.

During the interaction, strong emphasis was placed on guaranteeing foolproof security for the lives and properties of manufacturers and traders, maintaining law and order in commercial hubs, and strengthening institutional coordination to promptly resolve grievances reported by the business fraternity. The participants unanimously agreed that a peaceful, secure, and protected environment serves as the fundamental bedrock for accelerating commercial activities and fostering sustainable economic prosperity in Gujranwala.